10/01/2026

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مسرت شاہ سے خبریں سُن

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج سے گجرات کاتین روزہ دورہ کریں گے ۔ وہ دورے کے آغاز پر سومناتھ مندر میں منتر ہ جاپ میں شرکت کریں گے۔ وزیر اعظم 12 جنوری کو احمد آباد میں جرمنی کے چانسلر Merz Friedrich کے ساتھ ایک میٹنگ بھی کریں گے۔

ایل جی ملاقات

لوک بھون جموں میں کل انڈین چیمبر آف کامرس جموں Chapter کے چیر مین راہل سہائے، OBC ویلفئر ایسو سی ایشن کے چیر مین، سکاسٹ جموں کے وائس چانسلر پروفیسر بی این ترپاٹھی، Jewellers Association جموں کے ایک وفد کے علاوہ ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسل فرسل کولگام کے ممبر عنایت اللہ راتھر نے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی ۔ بات چیت کے دوران ان شخصیات اور وفد نے مختلف معاملات LG کی نوٹس میں لائے ۔

سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے جمونو کشمیر میں طب کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم کر نے کے لئے محکمے میں خالی پڑی اسامیوں کو بھرتی ایجنسیوں کو بروقت ریفر کرنے کی ہدایت دی ہے۔

سیول سیکریٹریٹ جموں میں ایک میٹنگ کے دوران انہوننے جمونو کشمیر کے میڈیکل کالجوں اور دیگر طبی اداروں میں عملے کی تعیناتی اور خالی پڑی اسامیوں کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا۔

میٹنگ میں محکمے کے سیکریٹری ڈاکٹر سید عابد رشید شاہ کے علاوہ گورنمنٹ میڈیکل کالجوں کے پرنسپل صاحبان، سکمز میڈیکل کالج کے پرنسپل اور کشمیر و جموں کے ناظمین صحت نے بھی شرکت کی۔

ناصر اسلم وانی

جموں میں کل رابطہ پبلک آوٹ ریچ پروگرام کے سلسلے میں سرینگر ،بارہمولہ ، ڈوڈہ ، ریاسی ، جموں ، کٹھوعہ اور دیگر اضلاع سے آئے ہوئے مختلف وفود وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی سے ملاقی ہوئے ۔ وفود نے اُنہیں در پیش مشکلات کے بارے میں آگاہ کیا ۔ اس موقعہ پر ناصر اسلم وانی نے فود کو یقین دلایا کہ ان کے جائز مطالبات پر ہمدردانہ غور کیا جائے گا ۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر ،سماج سے رشوت خوری کی بدعت کا خاتمہ کرنے اور راشی خاص طور سے ACBعناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔ اراضی گھوٹالوں کے معاملات میں ملوث افراد کے خلاف موثر کارروائی کر رہا ہے۔

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک کا پیغام - ACB

------S.K Pathak-----

ورکشاپ

سے متعلق ایک VB-GRAM-G پریس انفارمیشن بیوروکے اہتمام سے جموں کے سانبہ ضلعے میں میڈیا ورکشاپ منعقد ہوا ۔ ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے پارلیمنٹ ممبر ست پال شرما نے کہا کہ اس قانون سے متعلق لوگوں میں بیداری پیدا کرنے کیلئے میڈیا کا ایک اہم رول بنتا ہے۔
رام گڑھ ڈاکٹر دیو یند ر کمار منیال، MLAسانبہ سُرجیت سنگھ سلاتھیہ ، MLAورکشاپ سے جموں نیہا جلالی اور ڈپٹی کمشنر سانبہ آیوشی سدھن نے بھی خطاب کیا۔ PIB ڈائریکٹر

چیف الیکٹورل آفیسر

National چیف الیکٹورل آفیسر جموں و کشمیر سنجیو ورما نے 25 جنوری کو منائے جارہے کی تقریب کے اِنتظامات کا جائزہ لینے کے لئے ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ Voters Day

چیف الیکٹورل آفیسر نے اِنتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے تفویض کردہ کاموں کی بروقت تکمیل اور اس دن کی کامیاب تقریبات کے لئے مربوط کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس اس ماہ کی 28 تاریخ کو شروع ہوگاپارلیمانی امور کے وزیر کرن ر جیجو نے کہا ہے کہ اجلاس اپریل کی دو تاریخ تک جاری رہے گا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ا

نہوں نے کہا ہے کہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سرکار کی سفارش پر پارلیمنٹ کے دونوں ± ایوانوں کا اجلاس بلانے کو منظوری دی ہے۔

ونٹر جنگل

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

-----Winter Jingle-----

ڈے

آج ورلڈ ہندی ڈے منایا جا رہا ہے۔ 1975 میں آج ہی کے دن ناگپور مینپہلی عالمی ہندی کا نفرنس منعقد ہوئی تھی۔ یہ کانفرنس ہندی زبان کو عالمی سطح پر فروغ دینے کی غرض سے منعقد کی گئی تھی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی5 اعشاریہ 7 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 3 اعشاریہ 6 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔